
”خدائے ذوالجلال گرجتا ہے
خداوند دلدار بادلوں پر ہے“۔
(زبور3:29)



URDU

Front Page

# پانیوں پر آواز

''خداوند کی آواز بادلوں پر ہے''۔

(زبور 29:3)

مصنف: پال۔ڈی نارکراس

مترجم: پاسٹر آصف ہارون

By Rev. Paul D. Norcross

Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

All rights reserved

**Peace Mission International (Regd.)**
**Faisalabad-Pakistan**

جملہ حقوق بحق پیس مشن انٹرنیشنل (رجسٹرڈ) فیصل آباد پاکستان

| | |
|---|---|
| کتاب کا نام | پانیوں پر آواز |
| نگرانِ اعلیٰ | ریورنڈ خالد ایم ناز |
| مصنف | پال ڈی نارکراس |
| مترجم | پاسٹر آصف ہارون |
| ایڈیشن | اوّل مئی 2009ء |
| مطبع | ناتن گرافکس اینڈ پرنٹرز |
| کمپوزنگ | عقیل ولیم |
| ڈیزائننگ اینڈ پرنٹنگ | ناتن پال |

(Free Gift)
No Change

ملنے کا پتہ:

پیس مشن انٹرنیشنل

گلی نمبر 5 مریم آباد 214 رب فیصل آباد پاکستان

رابطہ نمبرز: +92-41-8011849, +92-300-9651674

E-mail: peaceintchurch@hotmail.com

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

# فہرست مضامین


| مضمون | باب | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۔ ہمارے دل کی صدا | باب نمبر ۱ | 5 |
| ۲۔ زندگی کا دریا | باب نمبر ۲ | 8 |
| ۳۔ پانیوں پر اُس کی آواز | باب نمبر ۳ | 12 |
| ۴۔ چشمہ کو فراموش نہ کریں | باب نمبر ۴ | 15 |
| ۵۔ میرے باپ کے گھر میں | باب نمبر ۵ | 21 |
| ۶۔ اُسکے دل کا جذبہ | باب نمبر ۶ | 29 |
| ۷۔ برّہ اُنکی گلہ بانی کریگا | باب نمبر ۷ | 32 |



**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org


© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

# اظہارِ تشکر

مسیح خداوند کے پُرفضل اور جلالی نام میں تمام قارئین کی خدمت میں سلام عقیدت!

سب سے پہلے میں اپنے آسمانی باپ کا مشکور ہوں جس نے اپنے خادم کو گہرے اور عمیق بھید کھولنے کیلئے روح القدس کی قوت سے دلیری بخشی ہے۔ اس کے بعد خدا کے عظیم خادم پال ڈی نارکراس کا جنہوں نے اس کتاب "پانیوں پر آواز" کا اُردو ترجمہ کرنیکی اجازت دی ہے۔ میرا کامل ایمان ہے کہ اس کتاب میں بیان کردہ حقائق جو روح القدس کی نعمتوں اور خدا کی مقدِس کی تخت گاہ سے جاری و ساری فراوانی کی زندگی کا چشمہ بہت سی پیاسی روحوں کو اور خشک جانوں کو سیراب کریگا (یوحنا 7:38)۔

میں دُعا گو ہوں کہ اس کتاب کو پڑھنے والوں کو خدا روحِ اقدس کی قدرت سے عملی زندگی گزارنے کی توفیق بخشے۔

(آمین)

ریورنڈ خالد ایم ناز

26 مئی 2009ء

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

پہلا باب

# ہمارے دل کی صدا

''پھر اس نے مجھے بلور کی طرح ایک چمکتا ہوا
آب حیات کا ایک دریا دکھایا جو خدا اور برّہ کے تخت سے نکل
کر اس شہر کی سڑک کے بیچ میں بہتا تھا''۔مکاشفہ 22:1 ۔

کلامِ خدا کے شروع سے آخر تک لکھے جانے میں پانی نمایاں طور پر ایک بہت بڑی روحانی سچائی کو بیان کرتا نظر آتا ہے۔خدا کی ابدی زندگی پانی کی طرح اُسکے لوگوں کے لیے اُسکے تخت سے جاری ہے۔اُسکی زندگی جو تھا اور ہمیشہ رہیگا،اُنہیں ملتی ہے جو اِس پانی کے تشنہ ہیں اور پینے کیلئے اُسکے پاس آتے ہیں۔ کیا آپ جانتے ہیں؟ یہ الفاظ اُس واقع کی یاددہانی ہیں جو یسوع نے قریب دو ہزار سال پہلے یروشلیم میں آخری فسح کے وقت فرمائے۔

**یوحنا 7:37-39 ''پھر عید کے دن جو خاص دن ہے یسوع کھڑا ہوا اور پکار کر کہا اگر کوئی پیاسا ہو تو میرے پاس آکر پئے۔جو مجھ پر ایمان لائیگا اسکے اندر سے جیسا کہ کتاب مقدس میں آیا ہے زندگی کے پانی کی ندیاں جاری ہونگی''۔**

یہ کونسا پانی ہے؟ اِسے کیسے حاصل کیا جائے؟ یہ کیوں اِتنا مفید ہے؟ کیوں یسوع نے اپنے سننے والوں کو اِس پانی کو پینے کی نصیحت کی جو صرف اور صرف وہی مہیا کر سکتا تھا؟ کیوں یسوع نے یہی بات یوحنا کی انجیل کے چوتھے باب میں کنوئیں پر آنے والی اس عورت کو بتائی اور آدھی سے زیادہ صدی کے بعد یوحنا رسول کی معرفت.مکاشفہ کی کتاب میں دو سے زیادہ دفعہ دوہرائی گئی؟ اِس پانی کے متعلق ایسی کونسی بات تھی جس نے اُس عورت کا جو کنوئیں پر آئی دل موہ لیا؟

**یوحنا 4:9-15 ''اس سامری عورت نے اس سے کہا کہ تو یہودی ہو کر مجھ سامری عورت**


© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

سے پانی کیوں مانگتا ہے؟ کیوں کہ یہودی سامریوں سے کسی قسم کا برتاؤ نہیں رکھتے تھے۔یسوع نے جواب میں اس سے کہا اگر تو خدا کی بخشش کو جانتی اور یہ بھی جانتی کہ وہ کون ہے جو تجھ سے کہتا ہے مجھے پانی پلا تو تو اس سے مانگتی اور وہ تجھے زندگی کا پانی دیتا۔عورت نے اس سے کہا اے خداوند تیرے پاس پانی بھرنے کو تو کچھ ہے نہیں اور کنواں گہرا ہے۔پھر وہ زندگی کا پانی تیرے پاس کہاں سے آیا؟ کیا تو ہمارے باپ یعقوب سے بڑا ہے جس نے ہم کو یہ کنواں دیا اور خود اس نے اور اسکے بیٹوں نے اور اسکے مویشی نے اس میں سے پیا؟ یسوع نے جواب میں اس سے کہا جو کوئی اس پانی میں سے پیتا ہے وہ پھر پیاسا ہوگا مگر جو کوئی اس پانی میں سے پیئے گا جو میں اسے دونگا وہ ابد تک پیاسا نہ ہوگا بلکہ جو پانی میں اسے دونگا وہ اس میں ایک چشمہ بن جائیگا جو ہمیشہ کی زندگی کے لیے جاری رہیگا۔عورت نے اس سے کہا اے خداوند وہ پانی مجھ کو دے تاکہ میں نہ پیاسی ہوں نہ پانی بھرنے کو یہاں تک آؤں"۔

کیا آپ کے دل کی پکار بھی ایسی ہی ہے؟ کیا آپ کا دل زندگی کے چشمہ میں سے پینے کا مشتاق ہے تا کہ آپ پھر کبھی پیاسے نہ رہیں؟ کیا آپ نے اپنی مسیحی زندگی میں اس روحانی پانی کا مزہ چکھا ہے؟

یقین جانیے کہ یسوع مسیح بلا روک ٹوک اُن سب کو روحانی پانی دینے کے لیئے آیا جو اِسکے خواہش مند ہیں۔لیکن کلام اقدس میں زندگی کے روحانی پانی کی نشا ندہی ہوئی ہے کہ اس کے تصور سے واقفیت حاصل کر لینا ہی کافی نہیں اور نہ صرف پانی کے متعلق یہ جان لینا ہی کہ ایک ریگستان میں سفر کرنے والے کو پینے کے لیے پانی ملتا ہے۔ہمیں نا صرف اِسکے وجود کو پہچاننا ہے بلکہ حقیقت میں خداوند کے چشمہ میں سے پینے کی ضرورت ہے اور کہیں ایسا نہ ہو کہ کوئی غلطی ہو جائے۔یسوع نے فرمایا کہ زندگی کے پانی کے چشمہ کی کتاب (بائبل مقدس) سے زیادہ اہمیت اُس پانی کی ہے جو میرے پاس ہے۔ کتاب مقدس اِس چشمے میں سے نکلی نہ کہ چشمہ اُس میں سے۔یسوع مسیح چشمہ ہے اور وہ ایماندار جو اُس چشمہ میں سے پینے کے متعلق سیکھتے ہیں پھر کبھی پیاسے نہ رہینگے۔

اِس کتاب کا مقصد زندگی کے پانی کے چشمہ (یسوع مسیح) میں سے پینے کے معنی سکھانا ہے۔ کاش ہم سب اُتنے پیاسے ہو جائیں جتنی کہ وہ عورت جو کنوئیں پر آئی تھی۔وہ مخلوط مذاہب کی تعلیمات

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

کے قیمتی پانی کے گھڑے کو وہاں چھوڑنے پر آمادہ تھی اور یسوع مسیح کے چشمہ میں سے پینے کے متعلق سیکھنا چاہتی تھی۔

خداوند کرے کہ ہماری زندگی کے ایام میں ہماری پیاس میں اضافہ ہو۔ خدا کرے کہ ہم اُسکے حضور نخلستان میں پڑاؤ ڈالیں اور ہر روز اُسکے چشمے میں سے پیا کریں۔ خدا کرے یہ پانی کا چشمہ ہماری زندگیوں میں ہمیشہ پھوٹتا رہے! (آمین)

مکاشفہ 17:7 "کیونکہ جو برّہ تخت کے بیچ میں ہے وہ اُنکی گلہ بانی کریگا اور اُنہیں آبِ حیات کے چشموں کے پاس لے جائیگا اور خدا اُنکی آنکھوں کے سب آنسو پونچھ دیگا) مکاشفہ ۲۲:۱۷ (اور روح اور دلہن کہتی ہیں آ اور سننے والا بھی کہے آ۔ اور جو پیاسا ہو وہ آئے اور جو کوئی چاہے آبِ حیات مفت لے"۔

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

باب نمبر۲

# زندگی کا دریا

''اور یوں ہوگا کہ جہاں کہیں یہ دریا پہنچیگا ہر ایک چلنے پھرنے والا جاندار زندہ رہیگا اور مچھلیوں کی بڑی کثرت ہوگی کیونکہ یہ پانی وہاں پہنچا اور وہ شیریں ہوگیا۔ پس جہاں کہیں یہ دریا پہنچیگا زندگی بخشیگا''

(حزقی ایل 9:47)۔

**زبور 1:1-3 ''مبارک ہے وہ آدمی جو شریروں کی صلاح پر نہیں چلتا اور خطا کاروں کی راہ میں کھڑا نہیں ہوتا اور ٹھٹھا بازوں کی مجلس میں نہیں بیٹھتا بلکہ خداوند کی شریعت میں اسکی خوشنودی ہے اور اسی کی شریعت پر دن رات اسکا دھیان رہتا ہے وہ اس درخت کی مانند ہوگا جو ندیوں کے پاس لگایا گیا ہے جو اپنے وقت پر پھلتا ہے اور جسکا پتہ بھی نہیں مرجھاتا سو جو کچھ وہ کرے بارور ہوگا''۔**

ہم سب دریا کے کناروں پر لگے سرسبز درختوں سے واقف ہیں۔ وہ قدآور، مضبوط اور پھلدار ہوتے ہیں اسکی وجہ فقط یہی ہے کہ اُنہیں کبھی پانی کی کمی نہیں ہوتی۔ جیسے پانی جسمانی زندگی کے لیے بہت ضروری ہے ویسے ہی یہ کسی شخص کی روحانی زندگی کے لیے بھی بہت اہمیت رکھتا ہے۔ پانی کی کمی نشوونما کے رُک جانے کا باعث بنتی ہے۔ روحانی چشمے کے زندگی بخش پانی کی کمی بھی لازمی طور پر ایمانداروں کی زندگیوں کی نشوونما پر ایسا ہی اثر ڈالتی ہے۔ خدا کا تحریری قانون بھی بطور نبوتی کلام اسی چشمہ میں سے ملا: مکاشفہ کے باعث خدا کے مقدس حضرات نے کلام کیا (اور لکھا) اور روح القدس کے ذریعے متحرک ہوئے۔ یہ وہ خواتین اور حضرات ہیں جنکی جڑیں الٰہی پانی کے ذریعے پھیلتی رہیں، زندگی کے پانی کا چشمہ، زندگی کا دریا۔ یہ دریا کبھی خشک نہیں ہوتا۔

یہ ایک حقیقی دریا ہے۔ یہ وجود رکھتا ہے خدا اس دریا کے درمیان میں موجود ہے (مکاشفہ 1:22 حزقی ایل 9:47) جب ایماندار اس الٰہی پانی کے چشمہ کی تلاش کرتے اور اس میں


© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

سے پیتے ہیں تو اُنکی زندگیاں قدرتی طور پر مالا مال ہو جاتی ہیں۔شاید کتاب مقدس میں لکھے واقعات میں بہت سے ایمانداروں نے خدا کی باکثرت باہم رسانی پر ایک نظر ڈالی ہو۔لیکن ہم اِس جگہ پر رہنا چاہتے اور اُسکی جاری وساری فراہمی میں سے پیا چاہتے ہیں۔ ہمارے دل اُسکی حضوری میں وہ آسودگی پاکر جو بیان سے باہر ہے اطمینان کی سانس لیتے ہیں۔اُسکی شفقت اور اُسکے جاہ وجلال کا خوف ہماری ستائش کے بخور سے عظیم خوشی کو پیدا کرتا ہے۔اِس جگہ پر اُسکی بھلائی اور فضل اور قوت اور امن واعتماد اور ہمارے خالق کے ساتھ رفاقت کا دریا ہے جو اپنے لوگوں کے درمیان سکونت کرنا چاہتا ہے۔

**زبور 46:1-5 "خدا ہماری پناہ اور قوت ہے مصیبت میں مستعد مددگار اسلئے ہمکو کچھ خوف نہیں خواہ زمین اُلٹ جائے اور پہاڑ سمندر کی تہ میں ڈالدے جائیں خواہ اسکا پانی شور مچائے اور موجزن ہو اور پہاڑ اسکی طغیانی سے ہل جائیں ایک ایسا دریا ہے جسکی شاخوں سے خدا کے شہر کو یعنی حق تعالٰی کے مقدِس مسکن کو فرحت ہوتی ہے خدا اس میں ہے اسے کبھی جنبش نہ ہوگی خدا صبح سویرے اسکی کمک کریگا"۔**

خدا کا دریا وہ جگہ ہے جہاں ہر مسیحی نصب ہونے کا آرزومند ہے۔ یہ مقام فقط خوشحال اور تازہ دم ہونیکا ہی نہیں بلکہ شفاء پانے کا بھی ہے۔خدا اِس دریا کی طرف اُس مقام پر ہماری راہنمائی کریگا جہاں وہ ہماری جانوں کو بحال کرتا ہے۔

**زبور 36:8 "وہ تیرے گھر کی نعمتوں سے خوب آسودہ ہونگے تو انکو اپنی خوشنودی کے دریا میں سے پلائیگا"۔**

**زبور 23:1-3 "خداوند میرا چوپان ہے مجھے کمی نہ ہوگی وہ مجھے ہری ہری چراگاہوں میں بٹھاتا ہے وہ مجھے راحت کے چشموں کے پاس لے جاتا ہے وہ میری جان کو بحال کرتا ہے وہ مجھے اپنے نام کی خاطر صداقت کی راہوں پر لے چلتا ہے"۔**

زندگی کا پانی جس کا ذکر اِس طرح سے ہوا "خدا کا دریا، راحت کے چشمے اور زندگی کا چشمہ" یہ تمام خدا کی تخت گاہ سے صادر ہوتے ہیں۔حزقی ایل کی کتاب میں یہ آگاہی ملتی ہے کہ یہ پانی خدا کی تخت گاہ کے مقدِس سے جاری ہے"۔

**حزقی ایل 47:1-12 "پھر وہ مجھے ہیکل کے دروازہ پر واپس لایا اور کیا دیکھتا ہوں کہ ہیکل**


© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

کے آستانہ کے نیچے سے پانی مشرق کی طرف نکل رہا ہے کیونکہ ہیکل کا سامنا مشرق کی طرف تھا اور پانی ہیکل کی دہنی طرف کے نیچے سے مذبح کی جنوبی جانب سے بہتا تھا۔ تب وہ مجھے شمالی پھاٹک کی راہ سے باہر لایا اور مجھے اُس راہ سے جسکا رخ مشرق کی طرف ہے بیرونی پھاٹک پر واپس لایا یعنی مشرق رویہ پھاٹک پر اور کیا دیکھتا ہوں کہ دہنی طرف سے پانی جاری ہے۔ اور اُس مرد نے جسکے ہاتھ میں پیمائش کی ڈوری تھی مشرق کی طرف بڑھکر ہزار ہاتھ ناپا اور مجھے پانی میں سے چلایا اور پانی ٹخنوں تک تھا۔ پھر اُس نے ہزار ہاتھ اور ناپا اور مجھے اُس میں سے چلایا اور پانی گھٹنوں تک تھا۔ پھر اُس نے ایک ہزار اور ناپا اور مجھے اُس میں سے چلایا اور پانی کمر تک تھا۔ پھر اُس نے ایک ہزار اور ناپا اور وہ ایسا دریا تھا کہ میں اُسے عبور نہیں کرسکتا تھا کیونکہ پانی چڑھکر تیرنے کے درجے کو پہنچ گیا اور ایسا دریا بن گیا جسکو عبور کرنا ممکن نہ تھا اور اُس نے مجھ سے کہا اے آدمزاد کیا تم نے یہ دیکھا؟ تب وہ مجھے لایا اور دریا کے کنارے پر مجھے پہنچایا۔ اور جب میں واپس آیا تو کیا دیکھتا ہوں کہ دریا کے کنارے دونوں طرف بہت سے درخت ہیں تب اُس نے مجھے فرمایا کہ یہ پانی مشرقی علاقہ کی طرف بہتا ہے اور میدان میں سے ہوکر سمندر میں جاملتا ہے اور سمندر میں ملتے ہی اُس کے پانی کو شیریں کردے گا اور یوں ہوگا کہ جہاں کہیں یہ دریا پہنچے گا ہر ایک چلنے پھرنے والا جاندار زندہ رہےگا اور مچھلیوں کی بڑی کثرت ہوگی کیونکہ یہ پانی وہاں پہنچا اور وہ شریں ہوگیا۔ پس جہاں کہیں یہ دریا پہنچے گا زندگی بخشے گا اور یوں ہوگا کہ ماہی گیر اسکے کنارے کھڑے رہیں گے۔ عین جدی سے عین عجلیم تک جال بچھانے کی جگہ ہوگی۔ اُسکی مچھلیاں اپنی اپنی جنس کے مطابق بڑے سمندر کی مچھلیوں کی مانند کثرت سے ہونگی۔ لیکن اور اسکی کیچ کی جگہیں اور دلدلیں شیریں نہ کی جائینگی۔ وہ نمکوار ہی رہیں گی۔ اور دریا کے قریب اسکے دونوں کناروں پر ہر قسم کے میوہ دار درخت اُگیں گے جنکے پتے کبھی نہ مرجھائینگے اور جنکے میوے کبھی موقوف نہ ہونگے وہ ہر مہینے نئے میوے لائینگے کیونکہ انکا پانی مقدِس میں سے جاری ہے اور انکے میوے کھانے کیلئے اور انکے پتے دوا کیلئے ہونگے"۔

ہمارے لیے یہ آگاہی ہے کہ یہ شفاء وطاقت بخشنے والا پانی خدا کے مقدِس یعنی خدا کے گھر سے جاری ہے۔ عبرانیوں 8:2 کے مطابق میں یسوع اِس مقدِس کا خادم ہے۔ یسوع مسیح کی خدمت اُس جگہ جاری وساری ہے جہاں سے زندگی کو فرحت بخشنے والا پانی صادر ہوتا ہے! دوبارہ، ہم عید کے

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

آخری دن اُسکی پُرزور پکار پر غور کرتے ہیں کہ پیاسا آئے اور اِس جگہ سے پیئے۔

**یوحنا 7:37-39 ''پھر عید کے آخری دن جو خاص دن ہے یسوع کھڑا ہوا اور پکار کر کہا اگر کوئی پیاسا ہو تو میرے پاس آکر پیئے جو مجھ پر ایمان لائیگا اسکے اندر سے جیسا کہ کتاب مُقدس میں آیا ہے زندگی کے پانی کی ندیاں جاری ہونگی''۔**

تو پھر یہ پانی کیا ہے؟ ہم دیکھ سکتے ہیں کہ یہ ایک ایماندار کی زندگی میں کیا کام کرتا ہے۔ ہم اپنے خداوند کے جذبے کو دیکھ سکتے ہیں کہ وہ ہماری اِس پانی کو پینے میں حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ ہم دیکھ سکتے ہیں ایک یہ سب کام روح القدس کے ساتھ تعلق رکھتا ہے لیکن یہ کیسے استعمال ہوتا ہے؟ کیسے ہم اِسے اپنی زندگیوں کے لیے حاصل کرتے ہیں؟

۲۔پطرس 1:20-25 ''اسکا علم تو بنای عالم سے پیشتر[4] سے تھا مگر ظہور اخیر زمانہ میں تمہاری خاطر ہوا کہ اسکے وسیلہ سے خدا پر ایمان لائے ہو جس نے اس کو مردوں میں سے جلایا اور جلال بخشا تا کہ تمہارا ایمان اور امید خدا پر ہو چونکہ تم نے حق کی تابعداری سے اپنے دلوں کو پاک کیا ہے جس سے بھائیوں کی بے ریا محبت پیدا ہوتی اسلئے دل وجان سے آپس میں بہت محبت رکھو کیونکہ تم فانی تخم سے نہیں بلکہ غیر فانی سے خدا کے کلام کے وسیلہ سے جو زندہ اور قائم ہے نئے سرے سے پیدا ہوئے ہو چنانچہ ہر فردِ بشر گھاس کی مانند ہے اور اسکی ساری شان وشوکت گھاس کے پھولوں کی مانند۔ گھاس تو سوکھ جاتی ہے اور پھول گر جاتا ہے لیکن خداوند کا کلام ابد تک قائم رہیگا یہ وہی خوشخبری کا کلام ہے جو تمہیں سنایا گیا تھا۔

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

باب نمبر ۳

# پانیوں پر اُسکی آواز

”خداوند کی آواز بادلوں پر ہے خدای ذوالجلال
گرجتا ہے خداوند دلدار بادلوں پر ہے“ زبور 29 :3۔

خدا کے مقدِس کی تخت گاہ سے جاری پانی خداوند کی آواز کیلئے ایک موضوع بیان ہے۔ہم نے زبور 5:46 میں پڑھا کہ خدا اِس پانی میں موجود ہے۔ اُسکی آواز بادلوں (پانیوں) پر ہے (زبور 29 :3)وہ اُسی روح القدس کے وسیلہ سے پکارا جو پانی کی سطح پر جنبش کرتا تھا۔ پیدائش کی کتاب کے پہلے باب میں زمین وجود میں آنے کے لیے اُسکی آواز کی منتظر تھی۔اُسکی آواز نے زمین[3] کو مرتب کیا اور مسلسل سنبھالے رکھا۔

آج خدا کی وہی ریما (الٰہی) آواز، زندگی کا پانی (ریما کلام) خدا کی مقدِس سے جاری ہے تا کہ ایماندار اِسے سنے اور اِسکے وسیلے زندگی گزارے[4]۔ یہ ایسا دریا ہے جو ہر ایماندار کی روح میں زندگی کا کلام لیے ہوئے تخت گاہ سے بہتا ہے جسکے نتیجے میں کلیسیاء یعنی مسیح کی دلہن تیار ہوتی ہے۔

**افسیوں 5:25- 27 (اے شوہرو! اپنی بیویوں سے محبت رکھو جیسے مسیح نے بھی کلیسیاء سے محبت کر کے اپنے آپ کو اسکے واسطے موت کے حوالہ کر دیا۔تا کہ اسکو کلام کے ساتھ پانی سے غسل دے کر اور صاف کر کے مقدس بنائے۔اور ایک ایسی جلال والی کلیسیاء بنا کر اپنے پاس حاضر کرے جسکے بدن میں داغ یا جھری یا کوئی اور ایسی چیز نہ ہو بلکہ پاک اور بے عیب ہو“۔**

یہ آیات ہمیں اِس بات کو سمجھنے میں کتنی اہمیت کی حامل ہیں کہ مسیح کی دلہن کو پانی یعنی۔کاشفاتی کلام سے غسل لے کر کتنی صاف، پاک، بے عیب اور جلال والی کلیسیاء بننا ہے۔

افسیوں 5:26 میں کلام کے ذریعے وضع معنی میں ریما گہری باتوں کا اظہار ہے، یہ گہری باتیں یسوع میں سے روح القدس کے ذریعے اُن باتوں کی طرح نکلتی ہیں ۔جو یوحنا نے ۔مکاشفہ کی کتاب میں لکھنے

4 متی 4:4، استثناء 3:8

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

کیلئے حاصل کیں۔ یہ زندگی کا پانی (کلام) اُسی چشمہ سے بہتا ہے جو پولس کو نیا عہدنامہ لکھنے کیلئے ملا اور جسکے متعلق اُس نے اعلان کیا۔ لیکن اے بھائیو میں تمھیں یقین دلاتا ہوں کہ جو خوشخبری مجھ تک پہنچی کسی آدمی کی طرف سے نہیں نہ کسی انسان کے وسیلے پائی نہ اُسکی منادی کی بلکہ یسوع مسیح[5] کے مکاشفہ کے باعث۔ یسوع مسیح کا مکاشفہ، جسکا تعلق زندگی کے پانی (کلام) سے ہے جو پولس کے لیے مسیح کی مقدس سے بہا۔ پولس نے اِن باتوں کو اُسی طرح سے لکھا جیسے یوحنا نے جیسا کہ مکاشفہ کی کتاب کے پہلے باب میں اُسے حکم ملا۔ ہمیں بھی کلام کے بہتے دریا میں سے اُن گہری باتوں سے مستفید ہوتا ہے جو یسوع مسیح ہمیں فرماتا ہے اور ہر ایماندار کی روح میں کلام کرتا ہے۔ یہ وہ باتیں ہیں جنکے باعث ہمیں زندگی گزارنا ہے۔ متی 4:4 کے مطابق ریما وہ کلام ہے جو خدا کے منہ سے نکلتا ہے۔

ہم اکثر اِس سوچ میں آزمائے جاتے ہیں کہ پولس رسول اور یوحنا رسول بے مثل طور پر مختلف تھے یا ہم سے زیادہ تعلیم یافتہ تھے جو خداوند کی بھیڑیں بنی اور اُسکی آواز سنتی ہیں (یوحنا 10:27) لیکن یہ کلام کی تعلیم بالکل نہیں ہے۔ ہمیں اُسی چشمہ میں سے پیا ہے اور یہ ریما کلام زندگی کے پانی کے چشمہ میں سے بہتا ہے، وہ پانی جو ہمیں دھوتا ہے اور اُسکے حضور بے عیب ٹھہراتا ہے اور سکھاتا ہے کہ ہمیں کیسے دلہن کو اُسکے دولہے کے ساتھ شادی کے لیے تیار کرنا ہے۔ ہر ایک جو سچائی پر ہے اُسکی آواز[6] کو سنے اور وہ جو خدا کا ہے اُسکے کلام (ریما) کو۔ جب یسوع نے یہی کلام پیلاطس اور یہودیوں کے ساتھ کیا تو اُنہوں نے اُسے رد کر دیا۔

یاد رکھیں، اے پیارو جب اُسے (یسوع) اپنا خداوند اور شخصی نجات دہندہ مان لیتے ہیں تو اِسکا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ پھر اسے رد کیا جائے۔

**رومیوں 10:8-11, 17 "بلکہ کیا کہتی ہے؟ یہ کہ کلام تیرے نزدیک ہے بلکہ تیرے منہ اور تیرے دل میں یہ وہی ایمان کا کلام ہے جسکی ہم منادی کرتے ہیں۔ کہ اگر تو اپنی زبان سے یسوع کے خداوند ہونے کا اقرار کرے اور اپنے دل سے ایمان لائے کہ خدا نے اسے مردوں میں سے جلایا تو نجات پائیگا کیونکہ راستبازی کے لیے ایمان لانا دل سے ہوتا ہے اور نجات کے لیے اقرار منہ سے کیا جاتا ہے۔ چنانچہ کتاب مقدس یہ کہتی ہے کہ جو کوئی اس پر ایمان لائیگا وہ شرمندہ نہ ہوگا، پس ایمان سننے سے پیدا ہوتا ہے اور سننا مسیح کے کلام سے"۔**

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

گوہم اپنی نجات کا یقین کر سکتے ہیں اسلیئے ہمیں مروت میں نہیں رہنا بلکہ روح القدس کی عطا کردہ نعمتوں کے وسیلہ خدا باپ کے کام کو جاری رکھنا ہے۔

☆یسوع مسیح کے ساتھ اپنی پہلی محبت کے متعلق سیکھنا(مکاشفہ 2:1-7)

☆اپنے دلوں کو اُسکی خفیف آواز سننے کیلئے سدھارنا (غزل الغزلات 2:8-14،عبرانیوں 4:1-16، استثنا 12:25-29)۔

☆ہر مکاشفاتی کلام یعنی ریما ( کلام ) کے مطابق زندگی گزارنے کے متعلق سیکھنا جوخدا کے منہ سے نکلتی ہے(متی 4:4، استثنا 8:3)

☆مکاشفاتی کلام (ریما) کو اجازت دیں کہ وہ ہمیں روحانی طور پر دھوکر صاف کرے(افسیوں 6:4) اور ہمارے ایمان کی بنیاد رکھے(رومیوں 10:17)۔

☆اور ہمیں بغاوت ، گناہ ، جادوگری ، سرکشی ، بے انصافی ، زناکاری سے محفوظ رکھے (ا۔سیموئیل 15:22-23)۔

بے داغ،بغیر کسی جھری اور بے عیب دلہن بننے کے لیے اُسکے زندگی کے کلام (ریما) کے دریا میں غسل لینا ہی ہماری تیاری ہے۔کیا ہمارا پیارا ایک ایسی دلہن (کلیسیاء) سے شادی کریگا جو اس سے بات بھی نہ کر سکے،وہ جس نے پہلے کبھی اُس (یسوع) کے ساتھ رفاقت رکھنے کے متعلق نہ تو سیکھا ہو اور نہ بطور ایک محبت کرنیوالی کے اسکی حضوری کے باعث شادمان ہوئی ہو۔غزل الغزلات 2:14 اور 1 اور 2 باب)؟ ہم اُسکی حضوری کے پیاسے ہیں اور ہم خداوند کی آواز سننے کے باعث اُسکے زندگی کے چشمے میں سے پینے کے آرزو مند ہیں وہ آواز جو شیریں پانیوں پر ہے (زبور 46:4-5، 29:3-4, 36:8-12 ) جس کی حضوری کا جلال اس کی آواز میں ظاہر ہوا ہے (پیدائش 2:8، خروج 33:12-23، 1۔سموئیل 3:21) اُسکی حضوری کا جلال، اُسکی محبت اور شفقت کتنی شاندار ہے جس نے ہمیں اُسکے (یسوع) اور اُسے (یسوع) ہمارے قریب کر دیا ہے۔

[3] عبرانیوں 3:4 (ایمان ہی سے ہم معلوم کرتے ہیں کہ عالم خدا کے کہنے سے بنے ہیں۔ یہ نہیں کہ جو کچھ نظر آتا ہے ظاہری چیزوں سے بنا ہو )عبرانیوں ۱:۳ (وہ اسکے جلال کا پرتو اور اسکی ذات کا نقش ہو کر سب چیزوں کو اپنی قدرت کے کلام سے سنبھالتا ہے۔وہ گناہوں کو دھو کر عالم بالا پر کبریا کی دہنی طرف جا بیٹھا)

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

باب نمبر۴

# چشمہ کوفراموش نہ کریں

یرمیاہ13:2 ’’کیونکہ میرے لوگوں نے دو برائیاں کیں ہیں۔انہوں نے
مجھ آبِ حیات کے چشمہ کوترک کر دیا اور اپنے لیے حوض کھودے ہیں۔
شکستہ حوض جن میں پانی نہیں ٹھہر سکتا‘‘۔

جب ہم اُسکے قریب آتے ہیں تو اپنے دلوں کی قربان گاہ پر اُسکے حضور وقت گزارنے سے اپنا رشتہ اُسکے ساتھ مضبوط بناتے ہیں۔ جیسے موسیٰ خدا سے خیمہ اجتماع میں ملاقات کی جگہ پر ملا کرتا تھا۔اُسی طرح ہم اپنی روح میں خیمہ اجتماع تیار کرتے ہیں یہی وہ جگہ ہے جہاں ہم زندگی دینوالے پانی کے چشمہ میں سے پینے کے متعلق سیکھتے ہیں۔

جب خدا کے لوگ اُس سیکھنے کے مقام پر اُسکی آواز نہ سن کر اُس چشمہ سے پینے میں ناکام ہوتے ہیں تو ایک بہت بڑا مسئلہ پیدا ہوتا ہے۔ پہلے تو وہ ابدی زندگی دینے والے بے حد ضروری پانی کو حاصل ہی نہیں کرتے، جو اُنکی روحانی زندگی کو خداوند میں قائم رکھ سکتا ہے۔ دوسرا، روحانی پانی کی ضرورت کے باوجود بھی وہ اِس پانی کے متعلق اپنا خاص طرز کا بیان گھڑتے ہیں۔ اِسکی وجہ یہ ہے کہ دنیا بھر میں بہت سی مذہبی تعلیمات پائی جاتی ہیں حتیٰ کہ بہت سے ایسے لوگ ہیں جو حیرت انگیز طور پر دل کو موہ لینے والی خصوصیات کے مالک ہوتے ہیں پھر بھی اُن کی زندگی میں ایک چیز کی کمی ہوتی ہے اور وہ ہے زندگی کا پانی۔

ایسا پانی صرف اور صرف یسوع مسیح کے چشمہ سے ہی نکلتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا کے بڑے بڑے مذاہب آج کے دور میں مسیح جیسے معجزات نہیں کرسکتے ہیں۔افسوس! حتیٰ کہ بہت سے مسیحی بھی ایسا کرنے سے قاصر ہیں۔ایسا کیوں ہے؟

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

اچھا پھل اچھے درخت ہی سے حاصل ہوتا ہے جسے خوب پانی ملا ہو۔ زندگی کا پانی لہرانے والا پھل پیدا کرتا ہےاور یہ زندگی کے پانی کا پھل واضح ہوتا ہے۔ وہ ایماندار جو زندگی کے پانی کے چشمہ میں سے پیتے ہیں اُنکی زندگیوں میں روحانی پھل بھی واضح ہوتا ہے۔ یہ پھل اُنکی خدمات میں خدا کی منظوری کولیکر نشانات، معجزات اور روحیں جیتنے پر مشتمل ہے۔ لیکن یسوع مسیح کی طرف سے زندگی کے خالص پانی کی خدمات بھی شفاء، معجزات، بد روحوں کو نکالنے، رسولوں کی خدمات اور روح کے نشانات (غیر زبانوں کی صورت میں) پر مشتمل ہے۔

اِس بات کو سنجیدگی سے ذہن نشین کرنے کی ضرورت ہے کہ **"میں خداوند ہوں اور لاتبدیل ہوں"**[9]۔ ہم اُس طریقے کو بدل نہیں سکتے جو خدا نے ہمارے ساتھ بات چیت کرنے کے لیے چن رکھا ہے۔ ہم نے اُسکے چشمے میں سے پینے کی تعلیم پائی ہےاور ایسی جستجو کا پھل ہمیشہ اُسکی منظور شدہ برکت کا اظہار کرتا رہیگا۔ اگر اِسکی بجائے ہم منسٹری کی اپنے طریقے سے پیروی کرتے ہیں، اپنی زندگیوں اور خدمات کو اپنے اعلیٰ سپہ سالار کے مکاشفہ کے بغیر چلاتے ہیں تو ہم بالکل قائن کی مانند ہونگے جس نے اصل میں خدا کے حضور اپنی ذمہ داری کو تو نبھایا مگر اُس مکاشفہ کے مطابق نہیں جو اُسے خدا سے ملا بلکہ اپنی سوچ اور اپنے طریقے سے۔ نتیجتاً؟ خدا نے اُسکی قربانی نامنظور ٹھہرائی ۔ قائن خدا پر غضب ناک ہوا۔ غصےاور حسد کے باعث وہ اپنے بھائی کے خلاف اُٹھا اور اُسے قتل کر ڈالا ۔ ہمیں ضرور اپنے مذہبی کام خدا کی آواز کو سننے اور اُسکی بالکل ٹھیک طریقے سے تابعداری کرتے ہوئے سرانجام دینے چاہئیے ۔

آج کتنی منسٹریاں ایسے حیرت انگیز طور پر کام کر رہی ہیں (اپنے اور اپنے پیروکاروں کے ذہنوں کو استعمال کرتے ہوئے) پھر بھی خدا نے اُن پر اپنی الٰہی قدرت (نشانات، معجزات اور عجیب کاموں) کے ساتھ ظاہر نہیں کی ہے میرے دوستو، یسوع مسیح کے چشمے سے مکاشفے کی غیر موجودگی میں، مسیحیوں کے حوض میں محض الفاظ کی تعلیمات اُٹھتی ہیں اور کلیسیاء کے ایجنڈے بڑی مصروفیت سے پر ہیں ۔ لیکن اُن کے پاس خدا کی تصدیق کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔ یہ کیا ہو چکا ہے؟

اِسی طرح خدا کے وہ لوگ جو خداوند ■ کی آواز سننے میں ناکام ہوئے بیابان میں مارے گئے ۔ لہٰذا کیا خدا آج اپنے لوگوں کو اِس بیابان میں جس میں وہ بے مقصد پھر رہے ہیں مرنے دیگا؟

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

جب تک کہ وہ حتمی طور پر اپنی زندگیوں کے لیے اُسکی آواز کو سننے اور تابعداری کرنیکے متعلق نہیں سیکھتے۔ پس پینے کے لیے یسوع مسیح ہی زندگی کے پانی کا چشمہ ہے۔ کیا پھر بھی خداوند اُنہیں اُنکے یردن کو پار کر کے اُس نئے عہد کی برکات کی وعدہ کی سرزمین میں داخل ہونیکی اجازت دیگا؟ کلیسیاء اُسوقت تک بے کس، پریشان اور بے پھل رہیگی جب تک کہ مسیح اُنکے درمیان قیام پذیر نہ ہو۔ پس اُسکی آواز کو سننے اور تابعداری کرنیکے نتیجے میں ہی ایسا ہوسکتا ہے۔ یہ وہ آواز ہے جو مقدِس سے زندگی کے پانی کے طور پر بہتی ہے۔

یسوع کی آنکھ کا نور اُسکی کلیسیاء پر لگا ہوا ہے۔ وہ اپنی دلہن کے ساتھ شخصی رفاقت کر کے کتنا لطف اندوز ہوتا ہے! وہ (دلہن) اپنی پہلی محبت کے لیے کیسی آرزو کرتی ہے! یہ بات اُن لوگوں کے دلوں کے متعلق ہے جنہیں یسوع اپنے جاری شدہ۔کا شفاتی کلام کے پانی سے دھو کر تیار کر رہا ہے۔ اپنی شخصیت سے ہٹ کر اُنہوں نے اپنی باطن میں اُسکی آواز کے بہاؤ (ریو۔ ریما کی ایک جڑ) کو سننا سیکھ لیا ہے (یوحنا 7:37-39) یہ وہ آلہ ہے جسکے ذریعے وہ اپنی دلہن کو شادی کے دن کے لیے بادشاہ کے ساتھ ہونے کیلئے تیار کر رہا ہے۔ روح القدس کے پانی سے اِسے بے داغ، بے عیب اور بغیر کسی جھُری کے دھو کر صاف کر رہا ہے۔

**مکاشفہ 3:20-22 "دیکھ میں دروازہ پر کھڑا ہوا کھٹکھٹاتا ہوں۔ اگر کوئی میری آواز سنکر دروازہ کھولیگا تو میں اسکے پاس اندر جا کر اسکے ساتھ کھانا کھاؤں گا اور میرے ساتھ۔ جو غالب آئے میں اسے اپنے ساتھ اپنے تخت پر بٹھاؤں گا۔ جس طرح میں غالب آ کر اپنے باپ کے ساتھ اسکے تخت پر بیٹھ گیا۔ جسکے کان ہوں وہ سنے کہ روح کلیسیاؤں سے کیا فرماتا ہے"۔**

جیسے بادشاہ نے اپنا عصائے سلطانی ملکہ آستر کے سپرد کر دیا تا کہ وہ جو تیار تھی اُسکے حضور داخل ہو سکے۔ لہٰذا مسیح کی دلہن کو بھی آج اختیار دیا گیا ہے کہ بادشاہ کی حضوری میں داخل ہو سکے۔ ہمیں بھی اِسی طرح سے اُسکے دل کو متاثر کرنا ہے جیسے آستر نے اپنے خاوند کو کیا۔ وہ غالب آئی اور اُسے بادشاہ کے ساتھ تخت پر بیٹھنے کے لیے مدعو کیا گیا۔ لہٰذا وہ تمام ایماندار بھی جو زندگی کے چشمے سے اُسکی آواز کو سننے اور تابعداری کرنے میں ماہر ہیں اُسکے ساتھ تخت پر بٹھائے جائیں گے۔

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

لیکن اِس تیاری کا آغاز کیسے ہوتا ہے؟ کتاب مقدس میں بے شمار مثالیں ملتی ہیں۔ مثال کے طور پر، پولس رسول تین سال کے لیے عرب گئے مگر بائبل سیکھنے کے لیئے نہیں۔ وہ اِس سے بہت اچھی طرح سے واقف تھا اور ہمیں بھی ہونا چاہیے۔ دراصل ہمیں ملنے والے مکاشفے کی یقین دہانی اُسوقت تک نہیں ہوسکتی جب تک کہ ہم بائبل سے اچھی طرح واقف نہیں ہوتے۔ لیکن پولس عرب اس لیے نہیں گیا کہ کلام کی مزید تعلیم پائے بلکہ یہ سیکھنے کے لیے کہ خدا کی آواز کو کیسے سنا جائے۔ وہ یہ سیکھنے کے لیے گیا کہ روح القدس کے مطابق کیسے زندگی بسر کی جائے اور کیسے نقل و حمل کیا جائے اور کیسے اِسے اپنے اندر محسوس کیا جائے۔ یہ بات اُسے تین سال کے لیے وہاں لے گئی۔

کیا ہم بھی اِتنے عرصہ کے لیے جا پائینگے؟ یہ انحصار کرتا ہے! اگر خداوند آپکو ایسا کرنے کو فرمائے تو کیا آپ اپنے وقت میں سے تین سال کہیں گزارنے کے لئے رضامند ہونگے؟ کیا آپ اُسکے ساتھ بے تکلفی سے اُس کھیت کی جو خزانے پر مشتمل ہے خرید و فروخت کرنے میں رضامند ہیں یا آپ اُس نوجوان کی مانند ہیں جس نے خداوند سے زیادہ زمینی مال کی فراوانی کو ترجیح دی۔ چنانچہ اُس نے خداوند کی پیروی کرنیکے لیے اپنے مال کو نہ چھوڑا؟ فرض کریں کہ آپکے ساتھ وعدہ کیا جائے کہ تین سالہ ٹریننگ پروگرام کے مکمل ہونے کے بعد آپکو دس لاکھ روپے دیئے جائینگے۔ تو کیا آپ اپنی موجودہ طرزِ زندگی اور ذمہ داریوں کو چھوڑ کر اپنی زندگی کے اگلے تین سال اُس کام کے لیے گزاریں گے؟ کیوں ایماندار مسیح کے زندگی بخشش کی آواز کو جاننے کے لیے وقت نہیں گزارتے؟ کیا اُسکے خزانے گراں قدر نہیں ہیں؟

خداوند نے ہر ایماندار کے لیے پہلے سے ہی شخصی کلام کی تعلیم کو ترتیب دے رکھا ہے۔ یہ اِس لیے تیار کیا گیا ہے کہ خدا کی طرف سے عطا کردہ منزل کی تکمیل میں مدد مل سکے۔ جب ہم اُسکے زندگی کے پانی کے چشمے میں سے پینے کے متعلق سیکھتے ہیں تو ہماری طرزِ زندگی، ذمہ داریاں اور دشواریاں ہمارے لئے ایسے خزانے ثابت ہوتے ہیں۔ جن پر ہم غالب آتے ہیں۔ لیکن ہمیں اُنکے حوالے سے محتاط رہنا ہے۔ کہیں ہم اُس امیر نوجوان کی مانند نہ ہو جائیں جس نے خداوند کی پیروی کی قیمت ادا نہ کر کے زندگی کے چشمے کو ترک کر دیا۔

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

خداوند کبھی نہیں فرماتا کہ دوسرے شخص کی خدمت کو نقل کرو۔ یہ ہمارے مذہبی ایجادات کے حوض میں سے نکلنے والی سوچ ہے۔ ہم تصور کرتے ہیں کہ وہ ہمیں بیرون ملک جانے کو یا شاید غربت میں زندگی گزارنے کو کہیگا۔ لیکن خداوند ہم سے صرف یہ چاہتا ہے کہ ہم اُسکی آواز کو سنیں اور تابعداری کریں۔ پس جو وہ آپ سے کرنے کے لیے کہتا اُس سے مختلف ہوگا جو وہ مجھے کہتا ہے۔ اُس نے پطرس سے کہا کہ وہ اُس خدمت پر دھیان نہ دے جو یوحنا کو دی گئی ہے۔ کچھ ایماندار انجانی باتوں سے بہت خوف زدہ ہوتے ہیں اور جن سے اُن کی واقفیت ہوتی ہے اُنہیں مضبوطی سے تھام لیتے ہیں اور وہ کبھی خداوند پر بھروسہ نہیں کرتے کہ خدا اپنی مرضی کے مطابق اُنکی راہوں کو دُرست کرے۔ نتیجتاً وہ اپنی زندگی میں شاندار الٰہی منصوبہ، مقصد، منزل مقصود اور آسمانی تاجوں کو کھو بیٹھتے ہیں جو خدا نے اُنہیں دینے کے لیے رکھ چھوڑے ہیں۔ یہ سب کچھ یا تو وہ سرکشی کی وجہ سے حاصل نہیں کر پاتے یا جو وقت خداوند کی آواز کو ایمان کے ساتھ سننے اور سرگرمی سے اُسکی تابعداری کرنے کا ہوتا ہے وہ محض بے توجہی سے اُسکے متعلق سیکھتے ہیں۔

مسیح میں بہت سے پیارے بھائی اور بہنیں خداوند کی مرضی کو جاننے کے لیے ایسی دعا کرتے ہیں (جو واضح طور پر بائبل میں نہیں ملتی) لیکن کیا اُس بچے کو والدین کی مرضی جاننے کے لیے دعا کرنیکی ضرورت ہے جنکے ساتھ اُسکا گہرا رشتہ ہے؟ کیا وہ ہمیشہ اُسے تعلیم دینے، راہنمائی کرنے اور محبت میں اُسکی صلاح کاری کرنیکے لیے اُسکے قریب نہیں ہوتے؟ اگر کوئی ہمارے چرواہے کی آواز کو سننے اور تابعداری کے متعلق سیکھنے میں وقت گزارتا ہے تو موجودہ اور آئندہ زندگی میں بہت سا اُجر پائیگا۔

موسیٰ کے لوگوں نے پہاڑ پر جا کر خداوند کی آواز کو سننے سے انکار کیا۔ لیکن چاہا کہ موسیٰ اُنکے واسطے موسیٰ اُن کیلئے خدا کی آواز بنے۔ خداوند اُن لوگوں کو کیسے بیدار کر سکتا ہے جو اپنے پاسبان سے کہتے ہیں کہ وہ اُنکے لیے خدا کی آواز بنے۔

پطرس کے انکار کے بعد یسوع نے اُسکی خدا کے حضور شکستہ حالی دیکھ کر اُسے پھر اپنی پیروی کرنے کو کہا "میرے پیچھے آؤ"۔ اس کا مطلب ہے۔ پیروی کرنا، ہمسفر ہونا، خدمت گزار کے طور پر چل جانا۔ یسوع چاہتا کہ ہم اُسکے ہم سفر بن جائیں۔ وہ اُسے زندگی کا پانی مہیا کرتا ہے جو اپنی مصروفیت میں

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

سے وقت نکال کر تنہائی میں اُس کے ساتھ وقت گزارتا ہے۔ وہ (خداوند) بڑی محبت سے اپنے دل کی باتیں کہتا ہے۔ جب وہ ایسے انداز میں باتیں کرتا ہے تو ہم کیوں اُسکے ساتھ محبت نہیں کرتے؟ جب تک ہم اُسکے پاس پینے اور سیکھنے کے لئے نہیں آئیں گے تو کیونکر وہ ہمیں زندگی کا ٹھنڈا اور تازہ دم کرنیوالا پانی دے سکتا ہے؟

پوشیدگی کی دعا اُس ہستی سے دل کی بات کہنے کے لئے ہے جو مقدسوں کی شفاعت کے لئے ہمیشہ زندہ ہے۔ ہم اُس کے حضور سیکھنا ہے تا کہ وہ دن کے لئے ہمارا ایجنڈا تیار کر سکے۔ ایمان کا بانی اُس بھوکی روح کی صدا کا منتظر ہے جو تازہ۔ کا شفاتی من کھانے کی خواہشمند ہو۔ وہ تمام پیاسوں کے لئے زندگی کا پانی لئے ہوئے ہے اور یہ پانی زندگی کا چشمہ بن جائیگا جو ابدی زندگی میں بھی پھوٹتا رہیگا۔ جب ہم کمزور ہوتے ہیں تو کیسے اُس کی محبت ہمیں اُس کی طرف کھینچتی ہے اور جب ہمیں اُسکے حضور میں رہنے کیلئے ایلیاہ کی طرح سیکھتے[13] ہیں تو کتنی تیزی سے وہ ہمیں مضبوط بناتا ہے ۔ ہم اُسکی حضوری میں اُس کے آرام میں داخل ہونے، اپنے کاموں[14] (راستبازی) سے باز رہنے کیلئے سیکھتے ہیں۔ ہمیں کبھی چشمے کو ترک نہیں کرنا چاہیئے بلکہ صرف اپنے استاد خداوند یسوع مسیح کے ساتھ رفاقت میں رہنا چاہیے۔

متی 4:4 ''اس نے جواب میں کہا لکھا ہے کہ آدمی صرف روٹی ہی سے جیتا نہ رہےگا بلکہ ہر بات سے جو خدا کے منہ سے نکلتی ہے''۔ استثنا 3:8 ''اور اس نے تجھ کو عاجز کیا بھی اور تجھ کو بھوکا ہونے دیا اور وہ من جسے نہ تو نہ تیرے باپ دادا جانتے تھے تجھ کو کھلایا تا کہ تجھ کو سکھائے کہ انسان صرف روٹی ہی سے جیتا نہ رہیگا بلکہ ہر بات سے جو خدا کے منہ سے نکلتی ہے وہ جیتا رہتا ہے''۔

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

باب نمبر ۵

# میرے باپ کے گھر میں

یوحنا 4:2-3 ''میرے باپ کے گھر میں بہت سے مکان ہیں ۔اگر نہ ہوتے تو میں تم سے کہہ دیتا کیونکہ میں جاتا ہوں تا کہ تمہارے لیئے جگہ تیار کروں اور اگر میں جا کر تمہارے لیئے جگہ تیار کروں تو پھر آ کر تمہیں اپنے ساتھ لے لوں گا تا کہ جہاں میں ہوں تم بھی ہو''۔

اپنے پیارے خداوند یسوع مسیح کے ساتھ باغ میں بیٹھنا کتنی خوشی کی بات ہے۔ جسکی بڑی آرزو ہے کہ وہ ہم میں سے ہر ایک کو سیکھائے کہ کیسے خدا کے حضور داخل ہوا اور آرام کیا جاتا ہے۔ یسوع نے یوحنا 22:17 کے مطابق باغ میں دعا کی ۔تا کہ وہ بھی ایک ہوں جیسے ہم (خدا باپ ،بیٹا اور روح القدس )ایک ہیں ۔

میں ایمان رکھتا ہوں کہ ہر روح کی خواہش خدا میں ایک ہونے کی ہے۔ یہی وہ خواہش ہے جو ہم میں پیدا ہونی چاہیئے ۔ یسوع مسیح اُنکے لئے وحدانیت کو حقیقت بنانے کے لئے آئے جو آسمان پر جانے کی آرزو کرتے ہیں ۔

یوحنا کی انجیل کے 14 ویں باب میں خداوند نے ہمارے مستقبل کے بارے میں واضح طور پر بیان کیا ہے۔ **یوحنا 14:1-2 ''تمہارا دل نہ گھبرائے تم خدا پر ایمان رکھتے ہو مجھ پر بھی ایمان رکھو میرے باپ کے گھر میں بہت سے مکان ہیں اگر نہ ہوتے تو میں تم سے کہہ دیتا کیونکہ میں جاتا ہوں تا کہ تمہارے لئے جگہ تیار کروں''۔**

جتنی مرتبہ میں نے ان آیات کو پڑھا ہے مجھے یہ سوچ کر اطمینان ملا کہ آسمان پر مستقبل کیلئے گھر تیار کیا گیا ہے۔ان تمام عیش و آرام کی چیزوں کو تصور کرنا بڑا ہی آسان ہے جو ہم مستقبل میں وہاں

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

پانا چاہتے ہیں۔تاہم حقیقت میں ہمارے لئے آسمان مستقبل کی تصویر ہے۔لیکن ایک دن جیسا کہ میں ان آیات کو پڑھ رہا تھا،خداوند نے مجھے کچھ سچائیاں دکھانا شروع کیں جو میری توجہ پر قابض ہوگئیں۔

لفظ گھر کا ترجمہ بہت مناسب طور پر ہوا ہے۔یعنی بسنے کی جگہ،یا مسکن وغیرہ جب میں نے ان آیات پر غوروخوض کیا تو روح القدس نے مجھے دکھانا شروع کیا کہ یہ آیات محض مستقبل کے مسکن کے متعلق ہی بات نہیں کرر ہیں۔آیت نمبر۳ دیکھیں **"اوراگر میں جا کر تمہارے لئے جگہ تیار کروں تو پھر آکر تمہیں اپنے ساتھ لےلونگاتا کہ جہاں میں ہوں تم بھی ہو"۔**

ان آیات سے واقفیت فہم کی کنجی ہے کہ یسوع روح کے وسیلہ جس جگہ کی بات کرر ہے ہیں وہ **روح میں** موجود ہے، جہاں میں ہوں،(یسوع کا بیان )وہ یہ نہیں کہہ رہا، جہاں میں تھا ،یا ، جہاں میں ہونگا، بلکہ جہاں میں ہوں۔دولفظوں میں جہاں یسوع اب ہے آپ بھی وہاں ہو سکتے ہیں۔یہ جگہ روح میں موجود ہے نہ کہ جسمانی جگہ ہے۔

یہ ضروری تھا کہ یسوع جا کر مددگار یعنی روح القدس کو بھیجتا (یوحنا16 :7 )یسوع کا جانے کا ایک مقصد یہ بھی تھا کہ **روح میں** اُس جگہ کو آپکے لئے تیار کرے تا کہ آپ بھی وہاں ہوں جہاں یسوع ہے۔

شاید آپ سوچ رہے ہوں،ہاں میرا خیال ہے کلسیوں 1 :26-27 کیمطابق کہ مسیح جو جلال کی امید ہے مجھ میں رہتا ہے،تو آپ کی سوچ بالکل درست ہے۔مسیح درحقیقت ہر نئے سرے سے پیدا ہونے والے ایماندار میں مقیم ہے لیکن اس بات کو سمجھیں کہ وہ مقام جہاں ہم یسوع سے ملاقات کرتے ہیں روحانی مقام ہے اور وہ مقام روح میں خدا باپ اور یسوع مسیح سے گہری رفاقت کے لئے موجود ہے۔یسوع آپکے لئے اس جگہ کو تیار کرنے کے لئے گیا تا کہ آپ جب چاہیں وہاں جا سکیں۔

داؤد نے زبور 19 :1 میں اُس جگہ کو حق تعالیٰ کے پردہ میں،پکارا ہے۔یوحنا نے اس جگہ کا حوالہ خداوند کے ساتھ اُسکی میز پر کھانا کھانے کے طور پر دیا ہے(مکاشفہ 3 :2 )کوئی شخص ایسا نہیں جس نے کبھی خداوند کے ساتھ گہری رفاقت سے لطف اُٹھایا اور بادشاہی کے لئے عظیم کارنامے سرانجام دیئے ہوں مگر اس روحانی سچائی کو سمجھنے اور اس پر عمل درآمد کرنے میں ناکام ہوا۔آپ اور میں یسوع مسیح کے

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

ساتھ گہری رفاقت کے لئے پیدا ہوئے اور اُسی کے وسیلہ باپ کی نزدیکی حاصل ہوئی۔ اسلیئے یسوع دنیا میں آئے اور موت کا مزہ چکھا۔ روح کے موافق چلنے سے یسوع مسیح کے ساتھ گہری رفاقت کے لئے اُس جگہ تک رسائی! سیکھنے کے اصول پر مبنی ہے۔

## ماضی کی آواز

اب میں اپنی پسندیدہ کتاب **"مسیح کی پیروی"** میں سے کچھ آپکو بتانا چاہتا ہوں۔ یہ کتاب ایک راہبہ جسکا نام تھوماس اے کیمپس ہے کے ذریعے لکھی گئی۔ جس نے سن 1400 میں اِسے لکھا۔ اِس میں ایک خاص تحریر: ایک ایماندار روح سے مسیح کی روحانی گفتگو کو قلم بند کیا۔ اس نے لکھا:

کہ میں دھیان لگاؤں گی اور سنوں گی کہ میرا خداوند یسوع مجھ سے کیا کہے گا۔ مبارک ہے وہ آدمی جو اپنی روح میں یسوع کی آواز کو سنتا ہے اور جو اُسکے منہ سے اطمینان کا کلام پاتا ہے، مبارک [15] وہ کان ہیں جو یسوع کی خفیف آواز کو سنتے ہیں اور دنیا کی دھوکا دینے والی سرگوشیوں پر دھیان نہیں لگاتے اور مبارک ہیں وہ بے ریا کان جو ظاہری باتوں پر دھیان نہیں دیتے بلکہ اِس پر جو تعلیم خدا باطنی [16] طور پر دیتا ہے۔ مبارک ہیں وہ آنکھیں جو ظاہری خودنمائی کیلئے بند ہیں اور باطنی طور پر خدا کی نقل وحمل پر دھیان لگائے ہیں۔ مبارک وہ بھی ہیں جو نیکی کو جیت لیتے ہیں اور اپنے آپکو اچھے جسمانی اور روحانی کاموں کے ذریعے بلاناغہ خدا کی باطنی تعلیم اور زیادہ سے زیادہ الہامی بھیدوں کو حاصل کرنے کے لئے تیار کرتے ہیں اور مبارک وہ ہیں جو خود کو مکمل طور پر خدا کی خدمت کے لئے تیار کرتے ہیں اور اُسکی خدمت کے لئے تمام دنیاوی مزاحمتوں کو دور کرتے ہیں۔

اے میری جان اِس پر نگاہ لگا جو کچھ کہا گیا ہے اور اپنی نفس پرستی کے دروازوں کو بند کردے جو پانچ حواسِ خمسہ ہیں تاکہ تو باطنی طور پر اِسے سن سکے جو ہمارا خداوند یسوع تیری روح میں کہتا ہے۔ پس وہ اپنے پیاروں سے کہتا، میں تمھاری صحت ہوں میں تمھارا امن ہوں، میں ہی تمھاری زندگی ہوں۔ مجھ میں قائم رہو اور تم مجھ میں اطمینان پاؤ گے، عارضی چیزوں کو چھوڑ کر ہمیشہ کی چیزوں کی تلاش کرو۔ کیا سب چیزیں عارضی اور فریب دینے والی ہیں؟ اگر خداوند آپکو چھوڑ دے تو کیا کوئی مخلوق آپکا ساتھ دے سکتی ہے؟ پس تمام مخلوقات اور دنیاوی چیزوں سے کنارہ کرو۔ وہی کرو جو اُسکی نظر میں بھلا ہو۔ تاکہ آپ اِس


© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

زندگی کے بعد آسمان کی بادشاہی میں ہمیشہ کی زندگی پائیں۔

یسوع اُس جگہ کو تیار کرنے کیلئے گیا تاکہ اُسکی آواز سنی جا سکے۔ وہ جگہ جہاں ہم خدا کے منہ سے نکلنے والے ہر لفظ کے وسیلہ زندہ رہنے کے متعلق سیکھ سکتے ہیں۔ اُسکی بھیڑیں اُسکی آواز سنتی اور اُسکی پیروی کرتی ہیں۔ وہ کسی اور کی آواز کے پیچھے نہیں چلتیں۔ روح کے موافق چلنے سے مراد یسوع کی صلاح کاری کے موافق چلنا ہے۔ یہ بات براہ راست اُسکی کلیسیاء پر اثر انداز ہوتی ہے ''اگر تم مجھ میں قائم رہو اور میری باتیں تم میں قائم رہیں'' یوحنا 15 :7 میں فرماتا ہے۔ دولہے کی آواز کو سننے میں کتنا لطف ہے؟ یسوع مسیح کے ساتھ آپکا محبت کرنا ہر روز ایک نئی سرگزشت ہے۔

## خدا کی بادشاہی ہی اُسکی حضوری ہے:

خدا کی بادشاہی گوشت اور پانی نہیں بلکہ روح[18] القدس میں راستبازی اور امن اور شادمانی ہے۔ خدا کی بادشاہی کلام میں نہیں بلکہ قوت[19] میں ہے خدا کی بادشاہی مشاہدہ کرنے سے نہیں آئی یعنی (پانچ حواس خمسہ کے ذریعے) بلکہ یہ آپکے اندر موجود ہے۔

خدا کی بادشاہی نہ تو کوئی جگہ ہے اور نہ ہی یہ مقررہ وقت ہے۔ یہ فقط خدا کی حضوری ہے، یہ خدا کی حضوری ہی ہے جسکی تلاش ہمیں سب سے پہلے کرنی ہے اور اسکی راستبازی اور وہ تمام چیزیں (جو زندگی کے لیئے درکار ہیں) آپکو مل جائیں گی۔ یہ خدا کی حضوری ہی ہے جو یسوع مسیح کے ساتھ شخصی تعلق قائم کرنے سے آتی ہے، جو ہر دل کی آرزو پوری کرتی ہے یہ ہمارے دل کی دھڑکن بن جاتی ہے! اس عورت شُولیمت (سلیمان کی بیوی) کی طرح غزل الغزلات کے مطابق اپنے پیارے چرواہے کی ہو جانے کیلئے بے قابو ہو گئی۔ ایسے ہی ہم بھی یسوع مسیح کی محبت میں بہت بے قابو ہو جاینگے۔ ہر روز اسے ڈھونڈنے کیلئے بھوکے رہ کر وقت گزاریں تو وہ اُن سب کو مل جایئگا جو اُسکی تلاش میں ہیں۔

## اُسے پہچاننا:

میں نے جب بھی امثال 3:5-6 آیات کو پڑھا میں خدا کے حضور چلا اٹھا۔ میں دعا کیا کرتا تھا، اے خدا، اگر میں اپنی زندگی میں ایک دفعہ صحیح طور پر آیات کو سمجھ سکوں تو ہمیشہ تیرا شکر گزار رہونگا۔ تب یسوع مجھپر جلوہ گر ہوا اور اُس نے مجھ پر عیاں کیا کہ ان آیات کو سمجھنا کتنا آسان ہے۔ وہ سانس لینے کی

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

طرح آسان سے آسان تر ہوسکتی ہیں۔

**امثال 3:5-6 "سارے دل سے خداوند پر توکل کر اور اپنے فہم پر تکیہ نہ کر اپنی سب راہوں میں اسکو پہچان اور وہ تیری راہنمائی کریگا"۔**

خداوند یہ آیات مجھے ایک تمثیل کے ذریعے سمجھائیں۔ اس نے مجھے ایک ایسے پُل کی تصویر دکھائی جسکے تین حصے تھے۔ مثال کے طور پر نیویارک شہر میں جہاں ایسے پل ہیں جنکے دو ہائی ویز ہیں جو ایک دوسرے کے اوپر ہیں نچلے والے ہائی وے پر آپ اوپر نگاہ کر کے اسکی چھت کو تو دیکھ سکتے ہیں لیکن آپکو ہرگز یہ اندازہ نہیں ہوگا کہ اسکے اوپر بھی ایک مکمل سڑک ہے اگر آپ پہلے اسکے بارے میں نہیں جانتے۔ خداوند مجھے دکھا رہا تھا کہ خواتین و حضرات نیچے والے ہائی وے پر سفر کر سکتے ہیں اور اپنے بدن کی دلی خواہشوں اور نفسانی خواہشوں کو پورا کر سکتے ہیں یا وہ اپنی جان کے درمیانی لیول کے ہائی وے پر سفر کر سکتے ہیں جس میں وہ کسی شخص کو دھوکا دیتے ہیں، (انسانی سوچیں، جذبات اور وجوہات شامل ہیں) بارآوری سے بہت دور۔ وہ سب سے اوپر والے لیول یعنی روح کے ہائی وے پر سفر کر سکتے ہیں۔ یہ روح کے ہائی وے کی دنیا بدن اور جان دونوں کے نچلے ہائی ویز سے اوپر ہے۔ یہ بتانا مشکل ہے کہ جس ہائی وے پر آپ سفر کر رہے ہیں اُسکے روح کا ہائی وے ہے۔

تب خداوند نے مجھے دکھایا کہ اپنی زندگی کے تمام پہلوؤں میں فقط اُسے پہچان لینا ہی روح کے ہائی وے تک پہنچنے کا طریقہ ہے۔ جب ہم اپنی تمام مصروفیات کے باوجود اسکے حضور ٹھہرتے اور اسے پہچانتے ہیں تو ہم کود کر روح کے ہائی وے پر چڑھتے اور سفر کا آغاز کرتے ہیں۔ روح کے وسیلہ زندگی گزارنے کے سفر کی خوشی اس بات سے بڑھ کر ہے کہ ہم بدن اور جان کے ہائی وے پر سفر کریں۔ خداوند کی پہچان ہمیں روح کی تمام چیزوں تک پہنچاتی ہے۔ زندہ رہنے کا یہی طریقہ خدا نے ہمیں سکھایا ہے۔ اگر آپکی خواہش معجزات کی دنیا میں رہنے کی ہے تو اپنی تمام راہوں میں خداوند کو پہچانیں اور اسکی خفیف آواز کو سننے کے متعلق سیکھیں جو آپکی راہنمائی کریگی۔

میں آپکو ایک حالیہ واقعہ کی مثال سنانا چاہتا ہوں۔ جب میں ایک مشن ٹرپ میں رومانیہ سے واپس آرہا تھا بھائی کارل فوکس اور خدام کی ایک جلالی ٹیم میرے ساتھ تھی۔ ہم نے عظیم خادموں

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

کے ساتھ تین ہفتے کلیسیاؤں اور گاؤں میں تعلیم دی ۔

دورانِ سفر میں لندن ایک جلالی ایماندار کو ملنے کے لیئے رکا جس نے میری کتاب **"مالک کی میز پر کھانا،خداوند کی آواز کو سننے کے لیئے سیکھنا"** اور پاسٹر کارل فوکس کی کتاب **"لعنتوں کا برکت میں تبدیل ہونا"** کو پڑھ کر بہت برکت پائی تھی ۔ رفاقت کی اِس قیمتی گھڑی کے بعد اُس ایماندار نے مجھے واپس اپنے گھر بوسٹن جانے کیلئے ایئر پورٹ پر چھوڑ دیا۔

میں جب گھر کے قریب ہیتھرو ائیر پورٹ میں داخل ہوا ۔ ائیر پورٹ ہزاروں لوگوں سے بھر پور تھا جو فلیٹس منسوخ ہونیکی وجہ سے غضبناک ہور ہے تھے۔ اس دن یورپ کے بڑے ائیر پورٹ نے فیصلہ کیا تھا کہ اپنے ائیر پورٹ ٹریفک کنٹرول سسٹم کو نئے کمپیوٹر کے مطابق تبدیل کرے ۔ بہت سی فلیٹس سسٹم کے تغیر کی ناکامی کے باعث منسوخ ہو چکی تھیں ۔ اب میں مزید چند راتیں لندن میں ٹھہر سکتا اور جان سکتا تھا کہ کیسے برکت پاؤں ۔ لیکن ائیر لائینز مجھے اسکے لیئے رقم ادا نہ کر سکی کیونکہ میں تقریباً اپنا سارا روپیہ میں ایمانداروں کی مدد کے لیئے دے چکا تھا۔ یہ مصیبت حکومتی مسئلہ تھا اسلیئے کوئی بھی ائر لائن اس نقصان کو پورا کرنیکے لیئے خرچ نہیں کرنا چاہتی تھی ۔ اس ہجوم کو غصہ بھی اسی حقیقت کی بنا پر تھا کہ ائر لائینز کا کہنا تھا کہ مزید چار یا پانچ روز تک وہ شیڈول نہیں بنا سکتی۔

اس بات نے مجھے گھنٹہ بھر ہزاروں لوگوں کی قطار میں یہ احساس دلانے کے لیئے کھڑا کر دیا کہ مجھے قطار میں کھڑے رہنے سے بڑھکر کچھ اور کرنیکی ضرورت تھی ۔ تب میں نے ٹرمینل سے روح القدس کی زبانوں میں خدا کی تعریف کرنا اوپر اور نیچے چہل قدمی کرنی شروع کر دی ۔ میں نے خدا کی تعریف کرنا شروع کی وہ مجھ پر اختیار رکھتا ہے۔ میں نے اسکی تعریف کی کہ وہ دنیا کی بنیاد رکھنے سے پہلے جانتا تھا کہ میرے ساتھ ایسا واقعہ رونما ہوگا۔ میں نے اپنی پیاری بیوی ریٹا کو فون کیا اور کہا کہ دعائیہ ٹیم کو دعا کرنے کے لیئے کہے۔ میں نے اپنی عقل سے نہیں بلکہ پورے دل سے خدا پر توکل کرنا شروع کر دیا۔ اور جیسا کہ میں نے اسکی پہچان کو جاری رکھا تو اس نے بھی میری راہنمائی کی ۔

ستائش کرتے ہوئے خیال آیا کی میں ٹکٹ ایجنٹ کے پاس جاؤں اور اس سے بات کروں میں نے اپنی روح میں بھانپ لیا کہ یہ خیال خدا کی طرف سے ہے۔ ٹکٹ خریدنے والی تمام لائینیں خالی


© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

تھیں کیونکہ تمام مسافر کسٹمر سروس کے باہر لائن میں کھڑے ایجنٹوں پر چلا رہے تھے۔

ٹکٹ ایجنٹ نے مجھے بتایا کہ وہ صرف ایک ہی بوسٹن جانیوالی منسوخ فلیٹ میں میری مدد کر سکتی تھی۔ لیکن میں مسافروں کی اس فہرست میں میں تیسویں نمبر پر تھا۔ اس فلیٹ میں میرے لیئے تھوڑی سی امید تھی جس میں سو کے لگ بھگ لوگ سفر کرنا چاہتے تھے۔ میں نے ٹرمینل پر تین گھنٹے ستائش کرتے ہوئے انتظار کیا۔ اس دوران خدا نے مجھے بتایا کہ یہی وہ فلیٹ ہے جس پر میں سفر کرنے کو تھا۔ ہالیلویاہ! اب میں نے یقیناً خدا کے حضور سے ریما (مکاشفاتی کلام) پایا اور سیکھا کہ ریما کلام ناممکن نہیں ہے (لوقا 1:37) آخر کار منتظر مسافروں کو اطلاع دینے کا وقت آ گیا۔

میں نے ابھی ایک عورت کے سوال کا جواب دیا ہی تھا جو مجھ سے آگے کھڑی تھی، انتظار کرنیوالوں کی فہرست میں اسکا نمبر ۸۲ تھا۔ میں اسے مسیح کی گواہی دے رہا تھا جو مجھے پوچھ رہی تھی کہ میں امید کرتی ہوں کہ آپ اس فلیٹ کے لیئے دعا کر رہے تھے؟ میں نے اسے یقین دلایا کہ میں ایسا کر رہا تھا اور اسی وقت ٹکٹ ایجنٹ نے نام پکارنے شروع کیے۔ ابھی جہاز کی روانگی میں صرف ۱۵ منٹ باقی تھے اور گیٹ بھی ٹکٹ کاؤنٹر سے خاصہ فاصلے پر تھا۔ ایجنٹ نے پہلا نام پکارا اور اسکے فوراً بعد اس نے نمبر ۳۰ کی بجائے نمبر ۲ پر میرا نام پکارا۔ خدا نے کسی نہ کسی طرح مجھے نمبر ۳۰ سے نمبر ۲ پر لے آئے!

میں جہاز کی طرف لپکا اور غڑپ سے نشت پر جا گرا۔ کچھ ہی لمحے بعد ایک اور آدمی جہاز میں آ گھسا اور مجھ سے اگلی نشت پر بیٹھ گیا۔ اگلے دو گھنٹے اس آدمی کو یسوع مسیح کی گواہی سنانے کے بڑے ہی پُر لطف تھے جس نے بعد میں بتایا کہ خداوند کے متعلق سن کر وہ کتنا شادمان ہوا اور اسے ہوائی جہاز میں سفر کے دوران عموماً باتیں کرنے سے کتنی نفرت ہے اور کبھی کسی کے ساتھ کچھ نہیں بولتا! جب وہ بولا تو اُس نے اپنی ساری زندگی میرے سامنے کھلی کتاب کی طرح پیش کر دی۔ وہ نجات یافتہ تھا مگر اس نے کبھی نہیں دیکھا تھا کہ خدا کیسے چاہتا ہے کہ اسکی قربت حاصل کرنے کے متعلق سیکھے تاکہ اسکی آواز کو سنے اور اسکے ساتھ رفاقت رکھ سکے۔

آپ دیکھیں کہ خدا روح کے موافق چلنے سے ہماری مدد کیلئے کیسا تیار رہتا ہے۔ وہ ہماری راہنمائی کرنیکے لیے کتنا خواہشمند ہے جب ہم اپنی سب راہوں میں اسے پہچانتے ہیں۔ ہماری شادمانی

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

اسی میں ہے کہ ہم میں بھی وہی عقل ہو جو مسیح[23] یسوع میں بھی ہے اور بجائے اپنے جسم اور جان کی سڑک کے خدا کے روح کے ہائی وے پر سفر کرنیکے متعلق سیکھیں۔ یسوع اس جگہ کو ہمارے لیئے تیار کرنے گیا ہےتا کہ ہم بھی جائیں اور قائم رہیں۔ اس نے ایسا اسلئے کیا تا کہ ہم آج اس جگہ کے متعلق جان سکیں۔ اس سے بڑھکر اور کوئی خوشی نہیں کہ ہم لحہ بہ لحہ یسوع مسیح اور باپ کے ساتھ رابطے میں رہیں۔ آپ نے محبت کی ہے اور اسی لئے بادشاہ نے آپکو اپنی حضوری میں وقت گزارنے کیلئے مدعو کیا ہے۔ آپ اسے موقع دیں کہ وہ آپکو راحت کے چشموں کے پاس لے جائے۔ جہاں وہ آپکی جان کو بحال کریگا۔ امیر آدمی نے اپنی زندگی میں عزیز ترین چیز (دولت) کو نہ چھوڑا بلکہ مسیح کے ساتھ اسے بھی پاس رکھنا چاہا۔ یسوع مسیح کی محبت کے بعد ہم میں اس زندگی کی چیزوں کی دریافت کی آرزو نہیں رہتی۔ اس آدمی کی مانند جس نے کھیت میں خزانہ پا کر جو کچھ اسکا تھا بیچ ڈالا اور اس کھیت کو مول لے لیا۔ یسوع مسیح کے ساتھ ہمارا تعلق بھی ایسا ہی خزانہ ہے جسکے لئے ہم اپنی مصروفیت کے باوجود بھی وقت نکال کر اپنے محبوب کے ساتھ ملاقات کرنے پر آمادہ ہوتے ہیں۔ خداوند کرے کہ آپ اُسکی حضوری کی شادمانی سے بھرپور رہیں۔ خدا کرے کہ آپ اسکے ساتھ گہری رفاقت میں زیادہ سے زیادہ وقت گزاریں اسلئے کہ کلام فرماتا ہے کہ وہ سب جو اُسے ڈھونڈتے ہیں پائینگے۔

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

باب نمبر ۶

# اُسکے دل کا جذبہ

غزل الغزلات 2:14 ''اے میری کبوتری جو چٹانوں کے دراڑوں میں
اور کڑاڑوں کی آڑ میں چھپی ہے! مجھے اپنا چہرہ دکھا۔ مجھے اپنی آواز سنا
کیونکہ تو ماہ جبین اور تیری آواز شیرین ہے''۔

بائبل مقدس میں غزل الغزلات سے بڑھ کر کوئی کتاب نہیں ملتی جو خداوند کی دلہن کے تعلق سے اسکے جذبہ کے متعلق ہو۔ اس کتاب میں خداوند اپنے دل کا اظہار کرتا ہے۔ ہر دور میں اسکی یہی خواہش رہی ہے کہ اسکی دلہن پورے طور پر اسکی جانثار ہو جسے ابلیس نے آلودہ نہ کیا ہو بلکہ پاک، بےداغ اور اسکی محبت کی خوب بھوکی اور پیاسی ہونیکی وجہ سے اسکے حضور سے دھل کر صاف ہوئی ہو۔

وہ جو اسکے پاس آ کر فقط اسی کے ساتھ اپنی محبت کو بانٹ کرا سے اکسائیں گے تاکہ دلہا خوشی سے باغ باغ ہو جائے۔ وہ کنواری جسکی اسے تلاش ہے۔ ایک ایسی دلہن جو اسکی محبت کے علاوہ کسی اور کا تصور نہیں کر سکتی ۔

**غزل الغزلات 2:1 ''وہ اپنے منہ کے چوموں سے مجھے چومے کیونکہ تیرا عشق مے سے بہتر ہے''**۔ اسکا دلہا بڑی آرزو سے اسے پانے کے لئے اپنے سفر کا آغاز کرتا ہے۔ وہ اپنی پہلی محبت کیلیئے خواب دیکھتی ہے اور متواتر اسکی توجہ اپنی طرف کھینچتی ہے۔ وہ اسپر بھروسہ کرتی ہے اور خود کو فقط اسکے حضور میں تصور کرتی ہے۔ اسکے محبوب کی حضوری ہی اسے مطمئن کرتی ہے جو اسکی طالب ہے۔

لیکن تب وہ زیادہ خواہشمند ہوتی ہے جب اس دلہن کے گرد اسکے خداوند کے بازوں کا گھیرا ہوتا ہے۔ جب وہ کمزور تھی تو اس نے اسے زور بخشا۔ اس نے اسکے قریب آ کر اسے تسلی دی جب وہ خوفزدہ تھی اور اسے حوصلہ افزاء کلام کی ضرورت تھی۔ لیکن وہ پھر بھی اسکی نہ ہوئی۔ جب اسے اسکی (دلہا)

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

کی ضرورت پڑی تو اس سے مدد مانگی۔ مگر پھر شکریہ کہہ کر اپنی راہ چل دی۔ وہ ابھی تک اسکی بیوی نہیں تھی۔

**غزل الغزلات 3:1 "تیرے عطر کی خوشبو لطیف ہے۔ تیرا نام عطر ریختہ ہے۔ اسی لئے کنواریاں تجھ پر عاشق ہیں"۔**

وہ وقت آیا جب وہ خداوند کی توجہ کی بہت زیادہ فکرمند ہوگئی۔ اسکی سوچیں اسکے محبوب کی سوچوں سے ملنے لگیں اور پھر جہاں وہ رہتا ہے وہ بھی رہنے لگی حتیٰ کہ اسکے محبوب کی آواز اسکے دل کے تار چھیڑنے لگی۔ اب وہ اپنی زندگی کا ایک حصہ یہ کہتے ہوئے گزار چکی ہے کہ وہ اسکی زندگی میں آئے۔

وہ اب مزید اپنے معاملات نہیں سدھار سکتی اسلیئے اس بات کی طلب گار ہے کہ وہ اسکے لیے یہ سب کرے تاکہ وہ فقط اپنے دل میں اسکی خفیف آواز کو سننے کے لئے وقت گزارے۔ پہلے انکی شناسائی ہوئی۔ مگر اب وہ ایک دوسرے سے محبت کرنے میں سرگرم ہیں۔ اسکی دلہن آگاہ ہوچکی ہے کہ تمام وقت اسکے ساتھ رہنے کی چاہ میں پورے طور پر صرف ہوجائے۔

**غزل الغزلات 4:1 ''مجھے کھینچ لے ہم تیرے پیچھے دوڑینگی بادشاہ مجھے اپنے محل میں لے آیا ہم تجھ میں شادمان اور مسرور ہونگی ہم تیرے عشق کا تذکرہ مے سے زیادہ کرینگی وہ سچے دل سے تجھ پر عاشق ہیں"۔**

اب وہ اسکے ساتھ زیادہ سے زیادہ وقت گزارنے کے لیئے بےتاب رہتی ہے اور یہی وہ بات ہے جس نے اسکی خواہش کو بیدار کیا ہے۔ کون ہے جو ایک دلہن کی راسخ محبت میں مزاحمت کرسکتا ہے جو ہر گھنٹہ محبت میں پاک اور تابندہ ہوکر اپنے محبوب کو ڈھونڈنے میں گزارتی ہے۔

**غزل الغزلات 5:1-6 ''اے یروشلیم کی بیٹیو! میں سیاہ فام لیکن خوبصورت ہوں قیدار کے خیموں اور سلیمان کے پردوں کی مانند مجھے مت تاکو کہ میں سیاہ فام ہوں کیونکہ میں دھوپ کی جلی ہوں میری ماں کے بیٹے مجھ سے ناخوش تھے انہوں نے مجھ سے تاکستانوں کی نگہبانی کرائی لیکن میں نے اپنے تاکستانوں کی نگہبانی نہیں کی"۔**

خداوند کی دلہن جانتی ہے کہ وہ حسین ہے یہ سمجھتے ہوئے کہ اسے حقیر جاننے کی کوئی وجہ باقی نہیں ہے جیسا کہ ایک شخص اپنے آپکو اسکے حضور کسی بھی صورت میں مجرم اور نااہل محسوس کرتا ہے۔ اس

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

نے زیادہ دیر تک اپنے قصوروں پر نگاہ کر کے اپنے آپکو ضائع نہیں کیا۔تو بھی اسکے اندر اسکی قابلیتوں اور جواہر کی خودسری نہیں ہےسوائے ایک ہی مقصد کے کہ دن اور رات **مستقل** طور پر اپنے آپکو اپنے دلہا کیلئےصرف کردے۔اُسکو پالینا زیادہ دیر تک خواب نہ رہیگا بلکہ وہ بہت جلد اسے پالے گی اس پر قابض ہونے کیلئےنہیں بلکہ ایک خاندان بننے کیلئے۔اسے تبدیل کرنے کیلئےنہیں بلکہ اسے خوش کرنے کیلئے۔ اسکے حضور مقبول ہونے کے لیئے نہیں بلکہ یہ جاننے کیلئے کہ وہ پہلے سے اسکی منظورِنظر ہے۔

اسکے بہت سے ایسے دوست اور رشتے دار ہیں جو اُسے اسکے محبوب کا تعاقب کرنے سے منع کرتے ہیں کہ نہ تو وہ جانا جا سکتا ہےاور نہ ہی مل سکتا ہے،وہ کہیں گے کہ نہیں، وہ ہرگز تم جیسے کا دوست نہیں بنتا جو اس سے لگاؤ رکھتے ہیں۔اسے تمھارے تصورات میں وقت گزارنے سے بڑھکر اور بہت سے کام ہیں۔

**غزل الغزلات 1:7 "اے میری جان کے پیارے! مجھے بتا تو اپنے گلہ کو کہاں چراتا ہےاور دوپہر کے وقت کہاں بٹھاتا ہے کیونکہ میں تیرے رفیقوں کے گلوں کے پاس کیوں ماری ماری پھروں؟"**

نہیں وہ تو پورے طور پر اسکے خیالوں میں گرفتار ہےاور جب وہ (دلہن )اسکا تعاقب کریگی تو اسے پالے گی اور وہ بھی اسکی محبت کا گرویدہ ہے۔

کیا آپ بھی ایسی ہی دوشیزہ ہیں جو متواتر اپنی محبت کا تعاقب کر رہی ہے؟ کیا آپ اسکے ساتھ وقت گزارنے کیلئے دوڑتی ہیں؟ یہی دلہن کا پیغام ہےجس نے اپنی سگائی کیلئے آنکھیں لگائی ہوئیں ہیں۔کیا یہ اسکے دل کا جذبہ ہے؟وہ اپنی دلہن کو ایک بےقرار جذبے کے ساتھ شادی کی پیش کش کرتا ہے اور بدلے میں ہمارے دلوں کے ایسے ہی لگاؤ کی توقع کرتا ہے۔اسکی طرف بھاگو اور اپنے اور اپنے محبوب کے درمیان اس زندگی کی کسی نکمی بات کو واقع نہ ہونے دیں! کونسا وقت زیادہ اس سے زیادہ قیمتی ہے کیا وہ جو آپ اسکے حضور ہمیشہ کی زندگی حاصل کرنیکے لئے زندگی کے چشمہ کے پانی میں سے پینے کے لئے گزارتے ہیں؟

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

باب نمبر ۷

# برہ اُنکی گلہ بانی کریگا

مکاشفہ ۷:۱۷ "کیونکہ جو برہ تخت کے بیچ میں ہے وہ انکی گلہ بانی کریگا
اورانہیں آب حیات کے چشموں کے پاس لے جائیگا اور خدا انکی آنکھوں
کے سب آنسو پونچھ دیگا"۔

ہماری زندگی کا برہ جسکا خون ہمیں دھو کر صاف کرتا ہے۔ جب ہم اُسکے قریب جاتے ہیں تو وہ ہمیں راستبازی کے نئے جامے دیتا ہے۔ ستائش کا وہ مذبح جو ہم اپنے دلوں میں تیار کرتے ہیں برسرِ اقتدار ہوتا ہے۔ ہمیں اپنے دلوں کو ہر وقت اُسکی حضوری میں برے کے ساتھ تنہائی میں وقت گزارنے کیلئے تیار کرنا ہے۔

**مکاشفہ 7:9-10 "ان باتوں کے بعد جو میں نے نگاہ کی تو کیا دیکھتا ہوں کہ ہر ایک قوم اور قبیلہ اور امت اور اہل زبان کی ایک ایسی بڑی بھیڑ جسے کوئی شمار نہیں کر سکتا سفید جامے پہنے اور کھجور کی ڈالیاں اپنے ہاتھوں میں لئے ہوئے تخت اور برہ کے آگے کھڑی ہے۔ اور بڑی آواز سے چلا چلا کر کہتی ہے کہ نجات ہمارے خدا کی طرف سے ہے جو تخت پر بیٹھا ہے اور برہ کی طرف سے"۔**

مکاشفہ کے ۷ باب کا آغاز ایک لاکھ چوالس ہزار مہر کئے گئے خدا کے خدام کے بیان سے ہوتا ہے وہ جن پر تباہی سے بچنے کے لئے مہر ہوئی۔ تب یہ منظر آیت ۹ میں دوسرے لوگوں میں تبدیل ہوتا ہے۔ زمین کی ہر قوم، قبیلہ، امت اور اہل زبان کے وہ لوگ جنکا شمار نہیں ہو سکتا۔ وہ راستبازی جامے پہنے اور ہاتھوں میں کھجور کی ڈالیاں لیئے ہوئے برہ کے سامنے کھڑے ہیں۔ وہ بڑی آواز سے چلا چلا کر برے کی ستائش اور نجات کی امید کا اعلان کرتے ہیں۔ کیسا جلالی منظر ہے!

**مکاشفہ 7:11-13 "اور سب فرشتے اس تخت اور بزرگوں اور چاروں جانداروں کے گرد**

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

**گرد کھڑے ہیں۔ پھر وہ تخت کے آگے منہ کے بل گر پڑے اور خدا کو سجدہ کر کے کہا آمین۔ حمد اور تمجید اور حکمت اور شکر اور عزت اور قدرت اور طاقت ابدالآباد ہمارے خدا کی ہو۔ آمین۔ اور بزرگوں میں سے ایک نے مجھ سے کیا کہ یہ سفید جامے پہنے ہوئے کون ہیں اور کہاں سے آئے ہیں"۔**

سب فرشتے اور تمام روحانی مخلوق اسکے حضور پرستش اور تعظیم کے لیئے سجدہ ریز ہوئی۔ کیا آپ نے کبھی اپنی دعا میں خداوند کے حضور اسکے عظیم کردار کا اعلان کیا ہے؟

پھر سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ سب سفید جامے پہنے ہوئے۔ ہر قوم، قبیلہ اور اہل زبان کے لوگ کون ہیں؟ وہ کہاں سے آئے ہیں؟

**مکاشفہ 7:14- 17 میں نے اس سے کہا اے میرے خداوند تو ہی جانتا ہے۔ اس نے مجھ سے کہا یہ وہی ہیں جو اس بڑی مصیبت سے نکل کر آئے ہیں۔ انہوں نے اپنے جامے برہ کے خون سے دھو کر سفید کیے ہیں۔ اسی سبب سے یہ خدا کے تخت کے سامنے ہیں اور اسکے مقدس میں رات دن اسکی عبادت کرتے ہیں اور جو تخت پر بیٹھا ہے وہ اپنا خیمہ انکے اوپر تانیگا۔ اسکے بعد نہ کبھی انکو بھوک لگی گی نہ پیاس اور نہ کبھی انکو دھوپ ستائگی نہ گرمی۔ کیونکہ جو برہ تخت کے بیچ میں ہے وہ انکی گلہ بانی کریگا اور انہیں آب حیات کے چشموں کے پاس لے جائیگا اور خدا انکی آنکھوں کے سب آنسو پونچھ دیگا"۔**

یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے زمین پر ایک عظیم آفت کا سامنا کرتے ہوئے ایمان سے زندگی گزاری اے پیارو، اس ہولناک غضب سے پریشان نہ ہو جو زمین اور دوسرے مقامات پر انڈیلا گیا۔ مصیبت زمین پر زندگی کے روزانہ دباؤ کی نمایاں خصوصیت ہے۔ یسوع نے یہی کلام اپنے شاگردوں سے بھی کیا **یوحنا 16:33 "میں نے تم سے یہ باتیں اسلیئے کہیں کہ تم مجھ میں اطمینان پاؤ۔ دنیا میں مصیبت اٹھاتے ہو لیکن خاطر جمع رکھو میں دنیا پر غالب آیا ہوں"**۔ اس نے فرمایا کہ یہ مصیبت وقت کے ساتھ بڑھکر آخری ایام میں بلا عظیم بنے گی (متی 24:21) وہ یہ سب برداشت کرینگے اور جنگوں اور جنگوں کی افواہوں اور ہیکل کے تذکرہ وغیرہ کے باوجود ایمان میں قائم رہنے کی نصیحت کرتا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ وہ مقدسین جو تخت کے سامنے راستبازی کے جامے پہنے کھڑے ہیں جو برہ کے لہو سے سفید کئے ہیں یہ وہی ہیں جنہوں نے زمینی سفر کے دوران ان مصیبتوں میں سے گزر کر زندگی

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

کے چشمے کا پانی پیا ہے۔ **یوحنا 4:41 ''مگر جوکوئی اس پانی میں سے پئے 24 گا جو میں اسے دونگا وہ ابد تک پیاسا نہ ہوگا بلکہ جو پانی میں اسے دونگا وہ اس میں ایک چشمہ بن جائیگا جو ہمیشہ کی 25 زندگی کے لیئے جاری رہیگا''۔**

اب مکاشفہ کے ۷ باب کی ۱۵ ویں آیت کو دیکھیں ۔(اسی سبب سے یہ خدا کے تخت کے سامنے ہیں اور اسکے مقدس میں رات اور دن اسکی عبادت کرتے ہیں اور جو تخت پر بیٹھا ہے وہ اپنا خیمہ انکے اوپر تانیگا ) دوستو، یسوع اپنے لوگوں کے درمیان روح کی صورت میں موجود ہے۔ آج ہمارے لیئے یہی سچائی ہے جب ہم اسکے کلام میں قائم رہتے ہیں ۔ یوحنا 45:7-8 (اگر تم نے مجھے جانا ہوتا تو میرے باپ کو بھی جانتے ۔اب اسے جانتے ہو اور دیکھ لیا ہے۔فلپس نے اس سے کہا اے خداوند! باپ کو ہمیں دکھا ۔یہی ہمیں کافی ہے )یسوع ان میں پہلے سے ہی بسا ہوا ہے جو خداوند کی آواز کو سنتے ہیں! جلال کی امید یعنی مسیح پہلے سے ہی ان میں قیام پذیر ہے ۔اگر ہم متواتر اسکے چشمہ میں سے پیتے رہینگے ( کلام جو ہماری روح سے کرتا ہے )تو ہم راستبازی کے سفید جامے پہنے اسکے سامنے کھڑے ہونگے ۔ ہم اسکی آواز کو سنتے اور تابعداری کرتے ہوئے دن اور رات اسکی خدمت کرینگے۔ اُسکے مقدس میں اُسکے ساتھ گہری رفاقت کا یہ مقام کتنا شاندار ہے۔ اسکی آسمانی روٹی کتنی قوی ہے یعنی وہ کلام جو اُسکے منہ سے نکلتا ہے۔ کتنا تازہ دم کرنیوالا وہ پانی ہے جو ہم اس چشمہ میں سے پیتے ہیں جو اسکے لبوں سے بہتا ہے۔

**مکاشفہ 7:16-17 ''اسکے بعد نہ کبھی انکو بھوک لگےگی نہ پیاس اور نہ کبھی انکو دھوپ ستائیگی نہ گرمی۔ کیونکہ جو برہ تخت کے بیچ میں ہے وہ انکی گلہ بانی کریگا اور انہیں آب حیات کے چشموں کے پاس لے جائیگا اور خدا انکی آنکھوں کے سب آنسو پونچھ دیگا''۔**

برہ خود اپنی کلیسیاء کی گلہ بانی کرتا ہے۔ وہ اسے اپنے ریما (مکاشفاتی ) کلام سے دھوتا ہے۔ وہ اپنے تخت کے درمیان اس حصہ میں موجود ہے جو ہم اپنے دلوں میں قربان گاہ کے طور پر اسکے آگے بناتے ہیں اور وہ آسمانی تخت جس پر بٹھانے کے لئے وہ انہیں دعوت دیگا جو وفاداری سے اسکے چشمے میں سے پیتے اور اسکی آواز کو سن کر اسکے ساتھ کھانا کھاتے ہیں۔

مکاشفہ 22:16-17 ''پھر اس نے مجھے بلور کی طرح چمکتا ہوا آب حیات کا ایک دریا دکھایا

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

جوخدا اور برہ کے تخت سے نکلکر اس شہر کی سڑک کے بیچ میں بہتا تھا، مجھ یسوع نے اپنا فرشتہ اسلیئے بھیجا کہ کلیسیاؤں کے بارے میں تمہارے آگے ان باتوں کی گواہی دے۔ میں داؤد کی اصل ونسل اور صبح کا چمکتا ہوا ستارہ ہوں۔ اور روح اور دلہن کہتی ہیں آ اور سننے والا بھی کہے آ۔ اور جو پیاسا ہو وہ آئے اور جو کوئی چاہے آب حیات مفت لے"۔

خدا کے بچو نکے لئے۔ مکاشفہ کی کتاب کی یہ باتیں مکمل طور پر مستقبل سے تعلق رکھتی ہیں۔ لیکن اُسکی دلہن کے لئے جو پہلے سے ہی زندگی کے دریا میں سے پی رہی ہے موجودہ دور میں بھی تعلق رکھتی ہیں۔ آسمان پر وقت کی کوئی میعاد نہیں ہے۔ ہر دل کی تیاری کے لئے ایک دن ہزار سال کے برابر اور ہزار سال ایک دن کے برابر ہیں۔ کیا وہ روحانی پانی پی رہیں اور زندگی کی روحانی روٹی کھا رہے ہیں؟ برہ کتنی دلی آرزو رکھتا ہے کہ جو کوئی پیاسا ہو اُسکے پاس آئے اور پیئے اور زندگی کی فراوانی کا تجربہ حاصل کرے جو ہمارے مستقبل کو موجودہ دور میں روح کے وسیلہ سے جلالی بنا دے۔ تا کہ ہم اُسکی آواز کے وسیلہ سے جو پانیوں پر جنبش کرتی ہے اُسکی تعظیم میں اُسکے تخت کے سامنے پاک، بے عیب اور بے داغ ہو کر کھڑے ہوں۔

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

’’اے سب پیاسو پانی کے پاس آؤ اور وہ بھی جس کے پاس پیسہ نہ ہو۔آؤ مول لو اور کھاؤ۔ہاں آؤ۔کس لئے اپنا روپیہ اُس چیز کیلئے جو روٹی نہیں اور اپنی محنت اُس چیز کے واسطے جو آسودہ نہیں کرتی خرچ کرتے ہو؟ تم غور سے میری سنو اور وہ چیز جو اچھی ہے کھاؤ اور تمہاری جان فربہی سے لذت اُٹھائے ۔کان لگاؤ اور میرے پاس آؤ۔سنو اور تمہاری جان زندہ رہے گی اور میں تم کو ابدی عہد یعنی داؤد کی سچی نعمتیں بخشوں گا۔دیکھو میں نے اُسے اُمتوں کیلئے گواہ مقرر کیا بلکہ اُمتوں کا پیشوا اور فرمانروا۔دیکھ تو ایک ایسی قوم کو جسے تو نہیں جانتا بلائیگا اور ایک ایسی قوم جو مجھے نہیں جانتی تھی خداوند تیرے خدا اور اسرائیل کے قدوس کی خاطر تیرے پاس دوڑی آئیگی کیونکہ اُس نے تجھے جلال بخشا ہے ۔جب تک خداوند مل سکتا ہے۔اسکے طالب ہو۔جب تک وہ نزدیک ہے اُسے پکارو‘‘۔

(یسعیاہ 55:1-6)۔

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

”خدائے ذوالجلال گرجتا ہے
خداوند دِلدار بادلوں پر ہے“۔
(زبور 3:29)

اس کتاب کی کاپی مفت
حاصل کرنے کیلئے دیئے
گئے پتہ پر رابطہ کریں

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.

**Kingdom Faith Ministries International, Inc.**
PO Box 725
Charlemont, MA 01339 * USA
Tel: 413-339-8630 * E-mail: Kingdom8@juno.com * Web: www.kingdomfaith.org
© 2004, 2007 Paul D. Norcross. All rights reserved. Permission freely granted to copy if copied in the entirety.